www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com


# شیخ محمد ناصر الدین البانی رحمہ اللہ کی وصیت

میں اپنی بیوی، اولاد، اپنے دوستوں اور میرے ساتھ ہر محبت کرنے والے کو وصیت کرتا ہوں کہ جب میری وفات کی خبر پہنچے تو:

(۱) میرے لئے دعائے مغفرت کریں، ماتم اور نوحہ نہ کریں اور اونچی آواز سے نہ روئیں۔

(۲) مجھے جلدی دفن کردیں، اور میرے رشتہ داروں اور بھائیوں میں سے صرف اتنے لوگوں کو میری وفات کی خبر پہنچائیں کہ جن کے ذریعے تجہیز و تکفین اور تدفین کا واجب پورا ہوسکے، اور مجھے غسل دینے کا فریضہ میرے مخلص دوست اور پڑوسی "عزت خضر ابوعبداللہ" سرانجام دے اور وہ جسے مناسب سمجھے اپنی مدد کے لئے منتخب کرسکتا ہے۔

(۳) مجھے قریب ترین قبرستان میں دفن کردیا جائے، تاکہ میرے جنازہ کو گاڑی میں نہ لے جانا پڑے، اور مجھے قدیم قبرستان میں دفن کیا جائے جس کے بارے میں غالب گمان یہ ہو کہ اسے ختم نہیں کیا جائے گا۔

(۴) اور میں جس شہر میں وفات پاؤں، اس کے رہنے والوں پر لازم ہے کہ شہر سے باہر بسنے والی میری اولاد اور دوسرے لوگوں کو اس وقت تک خبر نہ دیں جب تک مجھے دفن نہ کردیں، تاکہ ان کے انتظار میں میرے جنازہ میں تاخیر نہ ہو۔

(۵) میں اپنے کتب خانہ، جس میں خواہ کوئی مطبوعہ کتاب ہے یا مصدر، یا مخطوطہ ہے، میرے خط کے ساتھ ہے یا کسی اور کے خط کے ساتھ، کے متعلق وصیت کرتا ہوں کہ پورے کا پورا کتب خانہ اسلامی یونیورسٹی، مدینہ منورہ کی لائبریری کے حوالے کردیا جائے، کیونکہ میری اس سے بہت اچھی یادیں وابستہ ہیں جب میں وہاں پڑھایا کرتا اور سلفی دعوت کو پھیلاتا تھا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہوں کہ اس یونیورسٹی کے منتظمین کے ذریعے نفع پہنچائے۔

اور اللہ تعالیٰ سے اس بات کا سوال کرتا ہوں کہ میری اس سے ملاقات ہو تو اس حالت میں ہو کہ اس نے میرے اگلے پچھلے گناہ معاف کردیئے ہیں...... (مؤرخہ ۲۷؍جمادی الاولیٰ ۱۴۱۰ھ)

﴿رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ ٱلَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَٰلِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَٰلِحًا تَرْضَىٰهُ وَأَصْلِحْ لِي فِي ذُرِّيَّتِيٓ إِنِّي تُبْتُ إِلَيْكَ وَإِنِّي مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ﴾

"اے میرے رب! مجھے اپنا شکر ادا کرنے کی توفیق عطا فرما اس انعامات پر جو تونے مجھ پر اور میرے والدین پر کئے ہیں۔ مجھے توفیق بخش کہ میں تجھے راضی کرنے والے نیک کام بجا لاسکوں، اور میری اولاد میں بہتری عطا فرما، میں تیری طرف ہی رجوع کرتا ہوں، اور میں مطیع و فرمانبرداروں سے ہوں" (القرآن الکریم)

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ